رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا مُسْلِمِيْنَ ۝٢ ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا

بارہا تمنا کریں گے جنہوں نے کفر کیا، کہ کاش مسلمان ہوتے ● انہیں ہٹاؤ، کہ کھالیں

وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝٣ وَمَآ اَهْلَكْنَا

اور رہ سہہ لیں، اور مشغول کرلے انہیں لمبی لمبی امید، تو جلد ہی انہیں معلوم ہوجائیگا ● اور نہیں تباہ کیا ہم نے

مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ۝٤ مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا

کوئی آبادی، مگر اس کا جانا بوجھا تقدیر کا لکھا تھا ● کوئی امت نہ آگے بڑھے اپنے وقت سے

وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ۝٥ وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ

اور نہ پیچھے ہٹے ● اور کفار بکنے لگے، کہ "اے وہ جس پر نازل کیا گیا ہے قرآن،

اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ۝٦ لَوْ مَا تَاْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ مِنَ

تم بلاشبہ ضرور مجنون ہو ● کیوں نہیں لے آتے ہمارے پاس فرشتے، اگر

الصّٰدِقِيْنَ ۝٧ مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا كَانُوْٓا اِذًا

سچے ہو" ● ہم نہیں نازل فرماتے فرشتوں کو، مگر فیصلہ درست کے ساتھ۔ اور پھر نہ رہ جاتے اس وقت

مُّنْظَرِيْنَ ۝٨ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝٩ وَلَقَدْ

یہ مہلت پائے ہوئے ● بیشک ہمیں نے اتارا ہے قرآن، اور بلاشبہ ہم ہیں اس کے نگہبان ● اور

اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٠ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ

ہم نے رسول بھیجا تم سے پہلے اگلے شیعوں میں ● اور نہ آتا ان تک کوئی

رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝١١ كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ

رسول، مگر وہ اس کی ہنسی اڑاتے رہتے ● اسی طرح کی چال ہم چلا رہے ہیں

قُلُوْبِ الْمُجْرِمِيْنَ ۝١٢ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ۚ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣

ان مجرموں کے دلوں میں ● وہ نہ مانیں گے یہ، اور گزر چکی ہے یہی راہ اگلوں کی ●

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۝١٤ لَقَالُوْٓا

اور اگر ہم کھول دیتے ان پر آسمانی دروازہ، کہ دن دوپہر چڑھ جاتے اس میں ● تو بھی بکتے

اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۝١٥ ع وَلَقَدْ

کہ "ہماری نظر بندی کردی گئی ہے، بلکہ ہم جادو کے مارے ہیں" ● اور بیشک

جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ زَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۶﴾ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ

بنایا ہم نے آسمان میں کئی برج، اور سنوار دیا ہم نے اسے دیکھنے والوں کیلئے ● اور بچایا ہم نے اسے

كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿۱۷﴾ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ

ہر شیطان مردود سے ● مگر جو چوری چھپے گیا سننے کو، تو پیچھا پکڑا اس کا دہکتے

مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا

شعلہ نے ● اور زمین کو ہم نے لمبی چوڑی کی، اور گاڑ دیئے ہم نے اس میں پہاڑ، اور اگایا

فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ

اس میں ہر چیز نپی تلی ● اور بنایا ہم نے تمہارے لئے اس میں سامان زندگی،

وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ

اور وہ جسکے لئے تم لوگ روزی دینے والے نہیں ● اور کوئی چیز نہیں مگر ہمارے پاس اسکے خزانے ہیں،

وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾ وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا

اور نہیں اتارتے ہم اسے مگر جانے بوجھے اندازے سے ● اور چلائی ہم نے ہواؤں کو بادل کو بوجھل کرنے

مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ وَمَاۤ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾ وَاِنَّا

والی، پھر برسایا ہم نے بلندی سے پانی، پھر سیراب کیا ہم نے تمہیں اس سے۔ اور نہیں ہو تم لوگ اسکے خزانچی ● اور بیشک

لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾ وَلَقَدْ عَلِمْنَا

ہم ضرور زندہ کرتے ہیں اور مارتے ہیں، اور ہم ہی وارث ہیں ● اور بیشک جان لیا ہم نے

الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾ وَاِنَّ

تمہاری صف اول والوں کو، اور بلاشبہ جان لیا ہم نے صف آخر والوں کو ● اور بیشک

رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ ع ۲

تمہارا پروردگار ہی حشر فرمائیگا ان کا۔ بیشک وہ حکمت والا علم والا ہے ● اور بلاشبہ پیدا فرمایا ہم نے انسان کو

مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ

بھنکتی مٹی سے، بودار سیاہ گارے کی ● اور قوم جن کو پیدا فرمایا تھا ہم نے پہلے ہی، بے

قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ

دھوئیں کی آگ سے ● اور جبکہ جتا دیا تھا تمہارے پروردگار نے سارے فرشتوں کو، کہ بیشک میں پیدا فرمانے والا ہوں،

بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَ

چہرے مہرے والے انسان کو بھنکتی مٹی سے، بودار سیاہ گارا کی● تو جب میں نے اس کو سڈول کر دیا، اور

نَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ

اس میں اپنی طرف سے جان ڈال دی، تو اسکے لئے گر پڑو سجدہ کرتے ہوئے● چنانچہ سجدہ کیا سارے فرشتوں نے

كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾ اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾

سب مل کر● سوا ابلیس کے۔ انکار کر دیا کہ سجدہ کرنے والوں سے ہو●

قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾ قَالَ لَمْ اَكُنْ

فرمان ہوا کہ "اے ابلیس، تجھے کیا ہوا؟ کہ سجدہ کرنے والوں سے نہ ہوا"● بولا کہ "میں ایسا

لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾ قَالَ

نہیں، کہ سجدہ کروں ایک بشر کیلئے، جس کو پیدا فرمایا تو نے بھنکتی مٹی سے، بدبودار سیاہ گارے کی"● حکم ہوا

فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾ وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ

"کہ پھر تو نکل جا اس جنت سے، کیونکہ تو بلاشبہ مردود ہے● اور بیشک تجھ پر لعنت ہے قیامت

الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾ قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾ قَالَ فَاِنَّكَ

تک"● بولا، کہ "میرے رب، تو پھر مہلت دے مجھ کو اس دن تک کہ سب لوگ اٹھائے جائیں"● ارشاد ہوا کہ "منظور

مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۳۷﴾ اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ

ہے، تجھ کو مہلت دی گئی● وقت معلوم کے دن تک"● بولا کہ "پروردگار ایہ جو بے راہ

اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۳۹﴾

رکھا تو نے مجھ کو، تو میں آراستہ دکھاؤں گا گناہ کو انہیں زمین میں، اور ضرور گمراہ کروں گا میں ان سب کو●

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿۴۱﴾

مگر تیرے وفادار مخلص بندوں کو"● ارشاد ہوا، "یہ ہے سیدھا راستہ میرا●

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

بیشک میرے پجاریوں پر تیرا کوئی قابو نہیں، مگر جو گمراہوں سے تیرا بندہ

الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ

بن گیا● اور بیشک جہنم ان سب کی وعدہ کردہ جگہ ہے"--●-- اس کے سات دروازے ہیں۔

لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّ ع ۱۹ ۳

ہر دروازہ کیلئے ان کی بٹی ہوئی پارٹیاں ہیں● بلاشبہ اللہ سے ڈرنے والے، باغوں اور

عُيُوْنٍ ؕ ﴿۴۵﴾ اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾ وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ

چشموں میں ہونگے● کہ داخل ہو اس میں سلامتی کے ساتھ، امن کے ساتھ● اور ہم نے کھینچ لیا انکے سینوں سے

مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ

کینے کو، بھائی بھائی، اپنے اپنے تخت پر آمنے سامنے بیٹھے● نہ پہنچے گی ان کو اس میں تکان،

وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾ نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾

اور نہ وہ اس سے نکالے جائینگے● باخبر کردو میرے بندوں کو، کہ بلاشبہ میں ہی مغفرت کرنے والا رحم والا ہوں●

وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾ وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ

اور بیشک میرا عذاب، وہ تو ہے دکھ دینے والا عذاب● اور بتادو انہیں ابراہیم

اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾ اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ اِنَّا مِنْكُمْ وقف لازم

کے مہمانوں کا حال --●-- جب وہ آئے، تو بولے کہ "سلام"۔ جواب دیا کہ "واقع میں ہم تم سے

وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾ قَالَ

ڈر رہے ہیں"● سب بولے کہ "مت ڈریئے، ہم آپ کو خوش خبری دیتے ہیں ایک علم والے فرزند کی"● جواب دیا

اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾ قَالُوْا

کہ "کیا تم نے بشارت مجھ کو اسپر دی ہے کہ میرا بڑھاپا آ گیا؟ تو کس سبب سے مژدہ دے رہے ہو؟"● سب بولے،

بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾ قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ

کہ "ہم نے خوش خبری آپ کو دی ہے ٹھیک، تو ناامید نہ ہوجئے"● جواب دیا کہ "کون ناامید ہوگا

مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿۵۶﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا

اپنے پروردگار کی رحمت سے، مگر بے راہ لوگ"● کہا، کہ "پھر کیا کام ہے تمہارا اے

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۷﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۵۸﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ

فرشتو"● سب بولے، کہ "ہم بھیجے گئے ہیں جرائم پیشہ قوم کی طرف● سوا اولاد لوط کے۔

اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۹﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ قَدَّرْنَا ۙ اِنَّهَا لَمِنَ

ہم ان کو ضرور بچالیں گے سب کو● مگر ان کی عورت کو، کہ طے کردیا ہم نے کہ وہ پیچھے رہ جانے

الْغٰبِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ِالْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ

والوں سے ہے"● پھر جب آ گئے خاندانِ لوط میں فرشتے● وہ بولے "کہ تم لوگ

مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوْا بَلْ جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَ

اجنبی قوم ہو"● سب بولے، کہ "ہم آپکے پاس لے آئے ہیں جس میں یہ سب شک کرتے تھے● اور

اٰتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ

ہم آئے ہیں آپ کے پاس فیصلہ برحق کے ساتھ، اور بلاشبہ ہم ضرور سچے ہیں● تو نکال لے جایئے اپنے گھر والوں

الَّيْلِ وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ وَّامْضُوْا حَيْثُ

کو رات کے کچھ رہتے، اور آپ قافلہ کے آخر میں رہیں، اور آپ میں سے کوئی پیچھے نہ پھرے، اور چلے جایئے جہاں کا

تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَقَضَيْنَآ اِلَيْهِ ذٰلِكَ الْاَمْرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَآءِ

حکم دیا جائے"● اور فیصلہ سنا دیا تھا انہیں اس معاملہ کا، کہ ان پچھڑنے والے کافروں کو کاٹ

مَقْطُوْعٌ مُّصْبِحِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَجَآءَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۶۷﴾

کر رکھ دیا جائے گا صبح کرتے کرتے● اور آئے آبادی کے لوگ، خوش خوش●

قَالَ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ ضَيْفِيْ فَلَا تَفْضَحُوْنِ ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا

لوط نے کہا، کہ "یہ میرے مہمان ہیں، تو مجھ کو تو رسوا نہ کرو● اور اللہ کو ڈرو۔ اور مجھے

تُخْزُوْنِ ﴿۶۹﴾ قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ

ذلیل نہ کرو"● سب بولے کہ "کیا ہم نے تم کو روک نہیں دیا ہے دوسروں کے بارے میں دخل دینے سے"● جواب دیا، کہ "یہ

اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾ لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾

ہماری بیٹیاں ہیں اگر تم نکاح کرو"● تمہاری جان کی قسم، وہ بلاشبہ اپنے نشہ میں مدہوش ہیں●

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾ فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَ

تو پکڑ لیا ان کو چنگھاڑ نے دن نکلتے● تو کر دیا ہم نے اس کو تہہ و بالا، اور

اَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾

برسایا ہم نے ان پر کنکریلے پتھر● بیشک اس میں نشانیاں ہیں، قیافہ شناسوں کیلئے●

وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَ

اور بیشک وہ چلتے راستہ پر واقع ہے● بیشک اس میں ضرور نشانی ہے ماننے والوں کیلئے● اور

إِنْ كَانَ أَصْحٰبُ الْأَيْكَةِ لَظٰلِمِينَ ﴿٧٨﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۖ وَإِنَّهُمَا

بلاشبہ جنگل والے ضرور اندھیر مچانے والے تھے● پس بدلہ لیا ہم نے ان سے۔۔۔ اور بیشک

لَبِإِمَامٍ مُّبِينٍ ﴿٧٩﴾ وَلَقَدْ كَذَّبَ أَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِينَ ﴿٨٠﴾

دونوں آبادیاں شاہراہ عام پر ہیں● اور بیشک جھٹلایا حجر کے رہنے والوں نے رسولوں کو●

وَءَاتَيْنٰهُمْ ءَايٰتِنَا فَكَانُوا عَنْهَا مُعْرِضِينَ ﴿٨١﴾ وَكَانُوا يَنْحِتُونَ مِنَ

اور ہم نے دی تھیں انہیں اپنی نشانیاں، تو اس سے رخ ہٹائے تھے● اور وہ تراشتے تھے

الْجِبَالِ بُيُوتًا ءَامِنِينَ ﴿٨٢﴾ فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِينَ ﴿٨٣﴾ فَمَآ

پہاڑوں سے اپنے اپنے گھر، اطمینان سے● کہ لے لیا ان کو ایک چنگھاڑ نے صبح کرتے کرتے● تو نہ

أَغْنٰى عَنْهُم مَّا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٨٤﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ

کام آئے گی ان کے ان کی کمائیاں● اور نہیں پیدا فرمایا ہم نے آسمانوں اور زمین کو

وَمَا بَيْنَهُمَآ إِلَّا بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ السَّاعَةَ لَءَاتِيَةٌ ۖ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ

اور جو انکے درمیان ہے مگر ٹھیک۔ اور بلاشبہ قیامت ضرور آنے والی ہے، تو ابھی خوبی کے ساتھ درگزری سے

الْجَمِيلَ ﴿٨٥﴾ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيمُ ﴿٨٦﴾ وَلَقَدْ ءَاتَيْنٰكَ سَبْعًا

کام لو● بیشک تمہارا پروردگار ہی بڑا پیدا کرنے والا علم والا ہے● اور بیشک ہم نے تمہیں سات آیتیں

مِّنَ الْمَثَانِي وَالْقُرْءَانَ الْعَظِيمَ ﴿٨٧﴾ لَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلٰى مَا

دیں دہرائی جانے والی، اور قرآن عظیم دیا● نہ اٹھاؤ اپنی آنکھوں کو ان چیزوں کی

مَتَّعْنَا بِهِۦٓ أَزْوَاجًا مِّنْهُمْ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ

طرف، کہ رہنے سہنے کو جو دے دیا ہم نے انکے جوڑے، اور نہ ان کا غم کرو، اور جھکا دو اپنے شانہ کرم کو

لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿٨٨﴾ وَقُلْ إِنِّيٓ أَنَا النَّذِيرُ الْمُبِينُ ﴿٨٩﴾ كَمَآ أَنزَلْنَا عَلَى

ایمان والوں کیلئے● اور کہہ دو کہ بلاشبہ میں ہوں کھلا ہوا ڈر سنانے والا عذاب کا● جس طرح کہ نازل کیا ہم

الْمُقْتَسِمِينَ ﴿٩٠﴾ الَّذِينَ جَعَلُوا الْقُرْءَانَ عِضِينَ ﴿٩١﴾ فَوَرَبِّكَ

نے بانٹ بخرے والوں پر● جنہوں نے قرآن کے ٹکڑے ٹکڑے کئے تھے● تو تمہارے پروردگار کی

لَنَسْـَٔلَنَّهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿٩٢﴾ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿٩٣﴾ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ

قسم، ہم ضرور جواب طلب کرینگے ان سب سے● جو وہ کرتے تھے● تو اعلانیہ کہہ دو جسکا تم کو حکم دیا جاتا ہے،

وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾

اور بے رخی برتو مشرکوں سے ● بلاشبہ ہم تم پر کافی ہیں ٹھٹھے والوں کیلئے ●

الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾ وَلَقَدْ

جو گڑھتے ہیں اللہ کے ساتھ دوسرے معبود، تو جلد ہی سب جان لیں گے ● اور ہم

نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

ضرور جانتے ہیں کہ تمہارا سینہ تنگ آجاتا ہے ان کی بکواس سے ● تو پاکی بیان کرو اپنے پروردگار کی حمد

وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾ ع ۶ ۱۰ ۶

کے ساتھ، اور سجدہ کرنے والوں سے رہا کرو ● اور پوجو اپنے پروردگار کو، یہاں تک کہ آجائے تم تک موت ●

سُوْرَةُ النَّحْلِ ۱۶ مَكِّيَّةٌ — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اٰيَاتُهَا ۱۲۸ رُكُوْعَاتُهَا ۱۶

سورہ نحل مکیہ نام سے اللہ کے بڑا مہربان بخشنے والا آیات ۱۲۸ رکوع ۱۶

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱﴾

آیا ہی رکھا ہے اللہ کا حکم، تو اسکی جلدی نہ مچاؤ۔ پاک ہے وہ اللہ اور بلند و بالا ہے اس سے، جسکو سب شریک بنا رہے ہیں ●

يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ

وہ نازل فرماتا ہے فرشتوں کو سراپا روح، وحی لے کر اپنے حکم سے جس پر چاہے اپنے بندوں سے،

اَنْ اَنْذِرُوْۤا اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ﴿۲﴾ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ

کہ ڈرا دو میرے پیغام سے، کہ کوئی پوجنے کے قابل نہیں سوا میرے، تو مجھ سے ڈرتے رہا کرو ● پیدا فرمایا آسمانوں اور

الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

زمین کو ٹھیک۔ بہت بلند و بالا ہے ان سے جنہیں یہ شریک بناتے ہیں ● پیدا فرمایا انسان کو ایک

نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴﴾ وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا

قطرۂ ناچیز سے، پھر وہ اب کھلم کھلا جھگڑالو ہے ● اور چوپائے، انہیں پیدا فرمایا۔ تمہارے لئے اس

دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۵﴾ وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ

میں اونی لباس ہیں اور بہتیرے نفع ہیں۔ اور انکے بعض کو تم کھاتے ہو ● اور تمہاری اس میں شان ہے جب

تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ﴿۶﴾ وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ

چراگاہ سے شام کو لاتے ہو، اور جب چراگاہ کی طرف لے جایا کرتے ہو ● اور وہ اٹھاتے ہیں تمہارے بوجھ اس شہر تک، کہ

تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۷

تم وہاں نہ پہنچتے، مگر جان جوکھوں سے۔ بیشک تمہارا پروردگار ضرور بڑا مہربان رحم والا ہے●

وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ لِتَرْكَبُوْهَا وَ زِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا لَا

اور گھوڑے اور خچر اور گدھے کہ ان پر سواری کرو اور شان بنانے کیلئے۔ اور پیدا فرمائے گا جو تم

تَعْلَمُوْنَ ۝۸ وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ

لوگ ابھی جانتے ہی نہیں● اور اللہ کا ہے سیدھا راستہ۔ اور بعض راستے ٹیڑھے ہیں۔ اور اگر وہ

لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۹ ع هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ ع ۱۶

چاہتا تو تم سب کو راہ دے دیتا● وہی ہے جس نے اتارا آسمان کی طرف سے پانی تمہارے لئے،

مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ۝۱۰ يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ

کچھ تو پینے کو ہے، اور کچھ ایسے پودوں کو جس میں جانور چراتے ہو● اگاتا ہے تمہارے لئے اس پانی

الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ

سے کھیتی کو، اور زیتون و کھجور و انگور اور ہر قسم کے پھل کو۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ۝۱۱ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ

بیشک اس میں ضرور نشانی ہے انکے لئے جو دھیان کریں● اور مسخر کر دیا تمہارے لئے رات اور دن کو،

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

اور سورج اور چاند کو، اور سارے تارے پابند ہیں اس کے حکم کے۔ بیشک اس میں ضرور نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۱۲ وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ

انکے لئے جو سمجھ بوجھ سے کام لیں● اور جو پیدا فرمایا تمہارے لئے زمین میں طرح طرح کے رنگ دار۔ بیشک

فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ۝۱۳ وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا

اس میں ضرور نشانی ان کے لئے جو سبق لیں● اور وہی ہے جس نے قابو میں کر دیا دریا سمندر کو، کہ اس

مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى

سے کھاتے رہو تازہ گوشت، اور نکالتے رہو اس سے گہنا جو پہنتے ہو، اور دیکھ ہی

الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۱۴

رہے ہو کہ کشتیاں پانی چیر کر اس میں تیرتی ہیں، اور تاکہ تلاش کرو اسکا فضل، اور کسی طرح شکر گزاری کرتے رہو●

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ

اور گاڑ دیا زمین میں پہاڑوں کو، ورنہ زمین ڈگمگا دے تمہیں، اور ندیاں، اور راستے کہ تم اپنا اپنا

تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾ اَفَمَنْ يَّخْلُقُ

راستہ پاتے رہو● اور بہت سی علامتیں۔ اور تارے سے وہ راستہ پہچان لیتے ہیں● تو کیا جو پیدا فرماتا ہے اور

كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا

جو کچھ پیدا نہ کرے، ایک طرح کا ہے؟ تو کیا تم سوچ سے کام ہی نہیں لیتے● اور اگر گنتی کرنی چاہو اللہ کی نعمت کی، تو

تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَ

انہیں گن نہ سکو گے۔ بیشک اللہ ضرور مغفرت فرمانے والا رحم والا ہے● اور اللہ جانتا ہے جو تم چھپاؤ اور

مَا تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾ وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا يَخْلُقُوْنَ

جو علانیہ کرو● اور جنہیں یہ اللہ کو چھوڑ کر معبود پکارتے ہیں، وہ نہیں پیدا کر

شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾ اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ

سکتے کچھ، اور وہ خود پیدا کئے گئے ہیں● سب بے جان ہیں زندوں سے نہیں ہیں۔ اور نہ وہ سمجھ سکیں کہ کب حشر کے

يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ع ۲ ۱۲ ۸

لئے اٹھائے جائینگے● تم سب کا معبود بس ایک معبود ہے۔ پھر بھی جو نہ مانیں آخرت کو

قُلُوْبُهُمْ مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ

ان کے دل ناکارہ ہیں، اور وہ مغرور ہیں● بلاشبہ اللہ تو خواہ مخواہ جانتا ہے جو چھپا

مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ وَاِذَا

رکھیں اور جو اعلان کر دیں۔ بیشک وہ نہیں پسند فرماتا غرور والوں کو● اور جب

قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ ۙ لِيَحْمِلُوْٓا

پوچھا گیا انہیں، کہ کیا نازل فرمایا تمہارے پروردگار نے؟ سب جواباً بکنے لگے کہ "اگلوں کی کہانیاں"● تاکہ لادے رہیں

اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ

اپنے پورے بوجھ قیامت کے دن۔ اور ان کے بوجھ جنہیں گمراہ کریں

بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۳ ۱۳ ۹

بے علمی سے۔ خبردار کہ بڑا برا بوجھ لاد رہے ہیں● بیشک داؤں چلے جو ان سے پہلے کے ہیں،

فَاَتَى اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ

تو اللہ نے لیا ان کے بنے بنائے گھروں کو بنیاد سے، تو گر پڑی ان پر چھت اوپر سے،

فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾ ثُمَّ يَوْمَ

اور آیا ان پر عذاب جہاں سے وہ سمجھے نہ تھے● پھر قیامت

الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ اَيْنَ شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تُشَآقُّوْنَ

کے دن رسوا کریگا انہیں، اور فرمائیگا کہ کہاں ہیں میرے شریک گڑھے ہوئے، جن کیلئے تم جھگڑا

فِيْهِمْ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوْٓءَ عَلَى

کرتے تھے۔ بول پڑے جن کو علم دیا گیا ہے، کہ بیشک رسوائی آج کے دن اور خرابی

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۷﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا

کافروں کی ہے● جنہیں فرشتوں نے وفات دی، اس حال میں کہ وہ اپنے ہی اوپر اندھیر کر نیوالے ہیں، پھر انہوں نے

السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ

اپنی بچت کی طرح ڈالی، کہ ہم کوئی گناہ بھی نہیں کرتے تھے۔ ہاں کیوں نہیں! اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ

تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۸﴾ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ

تم کرتے تھے● بس اب داخل ہو جاؤ جہنم کے دروازوں میں، ہمیشہ رہنے والے اس میں۔ پس کتنی بری

مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۲۹﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ

جگہ ہے غرور کرنے والوں کی● اور پوچھا گیا ان سے جو ڈرتے رہے، کہ کیا نازل فرمایا تمہارے پروردگار نے؟

قَالُوْا خَيْرًا ؕ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ

تو سب نے جواب دیا، کہ "بھلائی ہی بھلائی"۔ جنہوں نے بھلائی کی، انہیں اس دنیا میں بھی بھلائی ہے اور دار آخرت

الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۰﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا

اور زیادہ بہتر ہے۔ اور کیسا اچھا ہے ڈرنے والوں کا گھر● ہمیشگی والے باغ، جس میں داخل

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ كَذٰلِكَ

ہوں گے، بہہ رہی ہیں اس کے نیچے نہریں، انکے لئے اس میں ہے جو چاہیں۔ اسی طرح ثواب

يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۱﴾ الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ

دیتا ہے اللہ ڈرنے والوں کو● جنہیں وفات دیتے ہیں فرشتے اس حال میں کہ وہ پاکیزہ ہیں۔

يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾ هَلْ

کہیں گے "سلامتی ہو آپ لوگوں پر۔ داخل ہو جاؤ جنت میں جو تم نیکیاں کرتے رہے" ● یہ کافر

يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ كَذٰلِكَ

لوگ نہیں انتظار کر رہے ہیں، مگر اسکا، کہ آجائیں انکے پاس فرشتے، یا آجائے تمہارے پروردگار کا آخری حکم۔ اسی

فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا

طرح کیا تھا ان کے پہلوں نے۔ اور ان پر اللہ نے اندھیر نہیں کیا، لیکن وہ خود اپنے

اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۳۳﴾ فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ

اوپر اندھیر کرتے تھے ● تو مصیبت بن گئے انکے لئے ان کے برے کرتوت، اور پھانس لیا ان کو

مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۴﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ ع ۴

جس کی ہنسی اڑاتے تھے ● اور کہنے لگے جنہوں نے شرک کیا ہے، اگر اللہ چاہتا

مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا

تو ہم معبود نہ بناتے اس کو چھوڑ کر کسی کو، نہ ہم اور نہ ہمارے باپ دادے، اور نہ ہم اللہ

مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ

کے مقابلہ میں حرام بتاتے کچھ۔ اسی طرح کرتوت تھے ان کے جو ان سے پہلے تھے۔

فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۵﴾ وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ

تو رسولوں پر نہیں، مگر علانیہ پیغام پہنچا دینا ● اور بلاشبہ بھیجا ہم نے ہر امت

اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ فَمِنْهُمْ

میں پیغام بر، کہ پوجو اللہ کو، اور بچو شیطان سے۔ تو ان میں سے

مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ فَسِيْرُوْا

بعض نے راہ پالی۔ اور بعض وہ، کہ ٹھیک پڑی ان پر گمراہی۔ تو سیر کرو

فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ

زمین میں، پھر دیکھو کہ کیسا انجام ہوا جھٹلانے والوں کا ● اگر

تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا

تمہیں لالچ ہے انکی ہدایت کی، تو اس میں بھی شبہ نہیں، کہ اللہ راہ نہیں دیتا جو بے راہ ہو جائے۔ اور نہیں ہے

لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ

ان کا کوئی مددگار● اور قسم کھا بیٹھے اللہ کی، بڑے زور کی قسم۔ "کہ نہ اٹھائے گا

اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا

اللہ جو مرجائے" "ہاں کیوں نہ اٹھائے گا" اس پر وعدہ ہے بالکل ٹھیک، لیکن بہتیرے لوگ نادانی

يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

کرتے ہیں● تاکہ ظاہر فرمادے انہیں وہ جس میں وہ جھگڑتے ہیں، اور تاکہ جان لیں

كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ

کافر، کہ وہ جھوٹے تھے● بس ہمارا فرمان کسی چاہے کیلئے، جبکہ ہم نے اس کے وجود کا ارادہ فرمالیا

نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ ع ۴۵ =

یہی ہے، کہ ہم اسے حکم دیتے ہیں کہ، 'ہوجا'، تو وہ ہوجاتا ہے● اور جنہوں نے ہجرت کی اللہ کی راہ میں بعد اسکے

مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ وقف لازم

کہ مظلوم بنائے گئے، ضرور ہم ٹھکانہ دینگے ان کو دنیا میں اچھا۔ اور بلاشبہ آخرت کا ثواب بہت بڑا ہے۔۔۔ اگر

كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۴۲﴾ وَمَآ

علم سے کام لیں● جنہوں نے صبر کیا، اور اپنے پروردگار پر بھروسہ رکھتے ہیں● اور نہیں

اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ

بھیجا ہم نے تم سے پہلے، مگر کچھ مردانِ حق، کہ ہم وحی فرماتے رہے انکی طرف، تو دریافت کیا کرو علم والوں

اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ

سے، اگر تم خود نہیں جانتے● روشن دلیلوں اور کتابوں کو۔ اور نازل فرمایا تمہاری جانب قرآن کو،

لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾ اَفَاَمِنَ النصف

تاکہ صاف بیان کردو لوگوں کو جو ان کی طرف اتارا گیا، کہ سوچ سے کام لیں● تو کیا امان

الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ

پاگئے جو برائیوں کے داؤں چلتے رہے اس سے، کہ دھنسادے اللہ انہیں زمین میں، یا آجائے

يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۴۵﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ

ان پر عذاب، جہاں سے انہیں خیال بھی نہ ہو● یا پکڑ لے انہیں

تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۴۶﴾ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ
انکے چلتے پھرتے میں، کہ وہ تو اللہ کو روک سکتے نہیں ● یا پکڑ لے انہیں دباتے دباتے، کہ بلاشبہ تمہارا پروردگار
رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۷﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ
ضرور بڑا مہربان رحم فرمانے والا ہے ● کیا انہیں نہیں سوجھتا جو کچھ اللہ نے پیدا فرمایا اپنی مشیئت سے؟ ان
يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمْ دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾
کے سائے جھکے پڑے رہتے ہیں داہنے بائیں۔ اللہ کا سجدہ کرتے ذلیل وعاجز حال میں ●
وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّ
اور اللہ ہی کا سجدہ کرتے ہیں، جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں چلنے والے اور
الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ
سارے فرشتے، اور وہ بڑے نہیں بنتے ● اپنے پروردگار کا خوف چھائے ہیں اپنے اوپر،
وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ السجدة وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ ۚ
اور وہی کرتے ہیں جس کا انہیں حکم دیا جائے ● اور فرما دیا اللہ نے کہ نہ قرار دو، معبود دو۔
اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
بس وہی ہے معبود اکیلا، تو مجھی سے ڈرا کرو ● اور اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں
وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ؕ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ وَمَا بِكُمْ
اور زمین میں ہے۔ اور اسی کی فرمانبرداری ہمیشہ ضروری ہے۔ تو کیا اللہ سے غیریت والے کو ڈرا کرو گے ● اور جو بھی تم
مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ثُمَّ
پر کوئی بھی نعمت ہے، تو اللہ کی طرف سے، پھر جب پہنچا تمہیں نقصان، تو اسی کی طرف گڑگڑاتے ہو ● پھر جب
اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾
اس نے دور کر دیا تم سے ضرر کو، تو تم میں سے ایک گروہ ہے کہ اپنے پروردگار سے شرک کرنے لگتا ہے ●
لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَيَجْعَلُوْنَ
تاکہ ناشکری کریں جو ہم نے دے رکھا ہے انہیں۔ اچھا تو رہ سہہ لو کچھ دن۔۔۔ پھر تو جلدی معلوم ہو جائیگا ● اور نکالتے ہیں
لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ
حصہ ان کا جنہیں جانتے بھی نہیں اس روزی سے، جو ہم نے دے رکھی ہے۔ اللہ کی قسم، ضرور باز پرس کئے جاؤ گے، جو

ع ۶ ۱۲ ۱۳ ۳۶

تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾

من گڑھت کرتے ہو● اور قرار دیتے ہیں اللہ کیلئے لڑکیاں، سبحان اللہ! اور خود انکے لئے جو ان کا دل چاہے●

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۚ ﴿۵۸﴾

حالانکہ جب ان میں کسی کو بیٹی کی خوش خبری دی گئی، تو سارا دن اس کا منہ کالا رہا، اور وہ غصہ کے گھٹن میں رہا●

يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ

منہ چھپائے پھرتا ہے اپنی قوم سے، اس خوش خبری کی ناگواری سے، کیا اسے ذلت کی حالت پر رکھے گا،

اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

یا دبادے گا اسے مٹی میں؟ دیکھو تو کتنی بری تجویز کرتے ہیں● جو نہ مانیں

بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ ع ۱۳

آخرت کو، سراپا بد ہیں۔ اور اللہ کی شان سب سے بلند و بالا ہے۔ اور وہی عزت والا حکمت والا ہے●

وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ

اور اگر دھر پکڑ کرنے لگتا اللہ لوگوں کی انکے اندھیر مچانے سے، تو نہ چھوڑتا زمین پر کسی چلنے والے کو۔

لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ

لیکن وہ مہلت دیتا ہے نامزد کردہ وقت تک۔ تو جیسے ہی آیا ان کا وقت، تو نہ پچھڑیں گے

سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ ۙ وَ

گھڑی بھر کو، اور نہ آگے بڑھیں گے● اور گڑھتے ہیں اللہ کیلئے جو اپنے لئے ناگوار جانتے ہیں۔ اور

تَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ

بولتی ہیں ان کی زبانیں جھوٹ، کہ انہیں کیلئے ہے نجات کی بھلائی۔ خواہ مخواہ انہیں کیلئے ہے

النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿۶۲﴾ تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ

جہنم ضرور، اور وہ حد سے گزرے گزارے ہیں● اللہ ہی کی قسم، کہ ہم نے ضرور رسول کیا تم سے پہلے کی

قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ

امتوں کی طرف، چنانچہ سجا دیا شیطان نے ان کی نظر میں انکے کرتوت کو، تو وہی ان کا یار ہے آج، اور انہیں

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ

کیلئے ہے دکھ دینے والا عذاب● اور نہیں نازل فرمایا ہم نے تم پر اس کتاب کو، مگر تا کہ واضح کر دو انہیں،

الَّذِي اخْتَلَفُوا فِيهِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُونَ ﴿۶۴﴾ وَاللّٰهُ

جس میں وہ جھگڑا کیا کرتے تھے۔ اور ہدایت ورحمت ان کے لئے جو مان جائیں● اور اللہ نے

اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِيْ

اتارا آسمان کی سمت سے پانی، پھر زندہ فرمادیا اس سے زمین کو اس کے مرجانے کے بعد۔ بیشک اس

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۵﴾ ع وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ ۱۴ ع ۵

میں ضرور نشانی ہے انکے لئے جو کان لگائیں● اور بیشک تمہارے لئے چوپایوں میں سبق ہے۔

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا

ہم پلاتے ہیں تمہیں جو ان کے پیٹوں میں ہے، خون اور گوبر کے درمیان دودھ خالص۔

سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ

خوشگوار پینے والوں کیلئے● اور کھجور کے پھل سے، اور انگور، بناتے ہو

مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾

جس سے نشہ کی چیزیں، اور اچھی کھانے کی چیزیں۔ بلاشبہ ان میں ضرور نشانی ہے انکے لئے جو غور کریں●

وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ

اور سکھا دیا تمہارے پروردگار نے شہد کی مکھی کے دل کو، کہ بنالیا کر پہاڑوں کو گھر، اور

الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ

درختوں کو، اور جو چھت چھپر بنایا کرتے ہیں● پھر کھاتی رہو ہر قسم کے پھل سے، پھر چلتی رہا کر اپنے پروردگار

سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ

کی بتائی راہ پر سُبک۔ نکلتی ہے اس کے پیٹوں سے پینے کی چیز رنگ برنگ کی، اس میں

فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾ وَ

شفاء ہے لوگوں کے لئے۔ بیشک اس میں ضرور نشانی ہے انکے لئے جو سوچ سے کام لیں● اور

اللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۙ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ

اللہ نے پیدا فرمایا تمہیں، پھر پوری فرمائے گا تمہاری عمر۔۔۔ اور تم میں کوئی ہے کہ پلٹا کھلایا جاتا ہے ناقص عمر کی طرف،

لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۷۰﴾ ع وَاللّٰهُ ۱۵ ع ۹

تاکہ نہ جانے کچھ، جان چکنے کے بعد بھی۔ بیشک اللہ علم والا قدرت والا ہے● اور اللہ نے

فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِى الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا

بڑھوتی دی تمہارے کچھ کو، کچھ پر، روزی میں۔ تو نہیں ہیں جو بڑھوتی دیئے گئے

بِرَآدِّىْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ؕ

کہ لوٹا دیں اپنی روزی کو اپنے غلاموں لونڈیوں پر، یوں کہ وہ سب اس میں برابر برابر ہیں۔

اَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ

تو کیا انہیں اللہ ہی کی نعمت سے انکار ہے● اور اللہ نے بنا دیا تمہارے لئے تم میں سے

اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ

جوڑے، اور پیدا فرمایا تمہارے جوڑوں سے بیٹے اور پوتے نواسے، اور روزی دی

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ

تمہیں پاکیزہ، کیا وہ غلط بات کو مان لیں؟ اور اللہ کی نعمت کے ناشکرے

يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ لَهُمْ

رہیں؟● اور معبود بناتے ہیں اللہ کو چھوڑ کر اسے، جو نہیں مالک ہے ان کے لئے

رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۷۳﴾ فَلَا

رزق کا آسمانوں اور زمین سے کچھ بھی، اور نہ ہو سکتا ہے● تو نہ

تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْاَمْثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ

گڑھا کرو اللہ کے لئے کچھ مثل۔ بیشک اللہ جانتا ہے اور تم لوگ نادان ہو● اللہ نے

اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا يَقْدِرُ عَلٰى شَىْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ

ایک کہاوت بیان فرمائی کہ ایک غلام مملوک ہے، دوسرے کی ملک نہیں کر سکتا خود کچھ، اور وہ جسکو ہم نے روزی دی

مِنَّا رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ

اپنے کرم سے خوب اچھی، چنانچہ وہ خرچ کرتا ہے اس سے چھپے اور کھلے۔ کیا وہ سب برابر ہیں؟

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ

اللہ کیلئے حمد۔ بلکہ ان کے بہتیرے نادان ہیں● اور کہاوت بیان کی اللہ نے دو شخصوں کی،

اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَىْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ اَيْنَمَا

ان میں ایک گونگا، کچھ کام نہیں کر سکتا، اور وہ بوجھ ہے اپنے مالک پر، جس

يُوَجِّهْهُ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ

سمت بھیجتا ہے کچھ بھلائی نہ لائے۔ کیا یکساں ہے وہ؟ اور وہ، جو حکم دے انصاف کا۔

وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

اور وہ سیدھے راستے پر ہے● اور اللہ ہی کا ہے آسمانوں اور زمین کا چھپا ڈھکا۔

وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى

اور نہیں ہے قیامت کا معاملہ، مگر جیسے آنکھ کی جھپک، یا اس سے بھی قریب تر۔ بیشک اللہ ہر

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۷۷﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا

چاہے پر قادر ہے● اور اللہ نے نکالا تمہیں، تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے، کہ نہیں

تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ

جانتے کچھ۔ اور کر دیا تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل۔

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ

کہ شکر گزار رہو● کیا نہیں دیکھا انہوں نے پرندوں کی طرف، کہ قابو میں ہیں فضائے آسمانی میں،

السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

انہیں نہیں روکے ہے، مگر اللہ۔ بیشک اس میں نشانیاں ہیں ان کے لئے جو

يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۷۹﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّجَعَلَ

مان جائیں● اور اللہ نے بنایا تمہارے لئے تمہارے گھروں کو آرام گاہ، اور کر دیا

لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ ظَعْنِكُمْ وَ

تمہارے لئے چوپایوں کی کھالوں سے ایسے خیمے، کہ ہلکے پھلکے ہیں تمہارے سفر کے دن اور

يَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ اَصْوَافِهَا وَ اَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا

منزل کرنے کے دن۔ اور ان جانوروں کے اون اور رونگٹوں اور بالوں سے سامان،

وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۸۰﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّ

اسباب کچھ دن برتنے کا● اور اللہ نے بنایا تمہارے لئے اپنی پیدا کردہ چیزوں سے سائے، اور بنایا

جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ

تمہارے لئے پہاڑوں سے گپھے، اور بنایا تمہارے لئے کچھ لباس، کہ تم کو گرمی

الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ

سے بچائے، اور کچھ لباس جو حفاظت کریں تمہاری جنگ میں، اس طرح پوری فرماتا ہے اپنی نعمت کو تم پر،

لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾

کہ تم فرماں بردار ہو جاؤ● پھر بھی اگر انہوں نے بے رخی کی، تو پھر بس تم پر صاف صاف پہنچا دینا ہے●

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع ۱۰

پہچانتے ہیں اللہ کی نعمت کو، پھر بھی انکار کرتے ہیں اس کا اور ان کے بہتیرے ناشکرے ہیں●

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ

اور جس دن اٹھائیں گے ہم ہر امت سے ایک گواہ، پھر نہ اجازت دی جائے گی انہیں

كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ

جنہوں نے کفر کیا، اور نہ انہیں عتاب سے بچنے کو کہا جائیگا● اور جہاں دیکھ لیا ظالموں نے عذاب کو، تو

فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ

اب نہ کم کیا جائیگا ان سے، اور نہ مہلت انہیں دی جائے گی● اور جہاں دیکھا بت پرستوں نے

اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا

اپنے بتوں کو، تو لگے بولنے کہ پروردگارا یہ ہمارے بت ہیں، جنہیں ہم معبود جان کر

النحل ۱۶

نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۸۶﴾

پکارتے تھے تیرے مقابلہ پر۔ تو یہ بات پھینک ماری ان کی طرف انہوں نے، کہ بلاشبہ تم لوگ ضرور جھوٹے ہو●

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ السَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾

اور ڈال دیا انہوں نے اللہ کی طرف آج نیاز مندی، اور گم ہو گیا ان سے جو گڑھا کرتے تھے●

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا

بیشک جنہوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستہ سے روکا، بڑھا دیا ہم نے ان کے عذاب پر

فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ

عذاب کو، کہ فساد مچایا کرتے تھے● اور جس دن کھڑا کر ہی دیا ہم نے ہر

اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى

امت میں ان پر، انہیں کا ایک گواہ، اور لائے تم کو ان سب پر گواہ،

هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّ

اور ہم نے اتارا ہے تم پر کتاب، روشن بیان ہر چیز کا، اور ہدایت و

رَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَ ع ۱۲ ۱۸

رحمت و مژدہ مسلمانوں کیلئے● بیشک اللہ حکم دیتا ہے عدل کرنے اور

الْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَ

احسان کرنے اور قرابت والوں کو دیتے رہنے کا۔ اور روکتا ہے بے شرمی اور

الْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ

بدی اور سرکشی سے، تمہیں نصیحت فرماتا ہے کہ تم غور کرو● اور پورا کیا کرو

اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَ

اللہ کے عہد، جب بھی کوئی عہد تم نے کیا ہو، اور مت توڑو اپنی قسموں کو، ان کو مضبوط کرنے کے بعد،

قَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۹۱﴾

جب کہ بنا دیا تم نے اللہ کو ان پر ضامن۔ بیشک اللہ جانتا ہے جو تم کرو●

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ

اور مت ہو جاؤ اس عورت کی طرح، جس نے توڑ دیا اپنے کاتے سوت کو اس کی مضبوطی کے بعد ریزہ ریزہ۔

تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى

کہ بنا رہے ہو اپنی قسموں کو اپنے باہمی فساد کا حیلہ، کہ ایک پارٹی بڑھی جا رہی ہے دوسری پارٹی

مِنْ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

سے۔ تمہیں اس سے اللہ بس آزماتا ہے۔ اور تاکہ ضرور ظاہر فرما دے تم پر قیامت کے دن،

مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۲﴾ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

جس میں جھگڑا تم لوگ کرتے ہو● اور اگر اللہ چاہتا، تو بنا دیتا تم کو ایک امت،

وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا

لیکن بے راہ رکھتا ہے جسے چاہے، اور راہ دے جسے چاہے، اور تم لوگ ضرور باز پرسی کئے جاؤ

كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ

گے اپنے کئے کرتوت سے● اور مت بناؤ اپنی قسموں کو اپنے آپس میں محض حیلہ، کہ پھر قدم

قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَ تَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ سَبِيْلِ

پھسل جایا کرے اپنے جم جانے کے بعد، اور تم چکھو برائی کو، کیونکہ روک دیا تم نے اللہ کی راہ

اللّٰهِ ۚ وَ لَكُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾ وَ لَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا

سے، اور تمہارے لئے ہو بڑا عذاب● اور نہ لو اللہ کے عہد کے عوض قیمت جیسی

قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ مَا

بے قدر چیز، کہ بلاشبہ جو اللہ کے پاس ہے، وہ بہت بہتر ہے تمہارے لئے، اگر دانا بنو● جو

عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ ۫ وَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ وَ لَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا

تمہارے پاس ہے چُک جائیگا، اور جو اللہ کے پاس ہے بچا ہی رہنے والا ہے۔ اور ہم ضرور دینگے انہیں جنہوں نے

اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ

صبر کیا انکا ثواب، انکے سب سے اچھے کام کے لائق● جس نے کام کیا لیاقت والے کا

ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ

مرد ہو یا عورت، اور وہ ایمان والا ہے، تو ضرور ہم اسے زندہ رکھیں گے پاکیزہ زندگی کے

وَ لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾

ساتھ اور ضرور ہم دیں گے انہیں ان کا ثواب، ان کے سب سے اچھے کام کے لائق●

فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾

تو جب تم قرآن کی تلاوت کرو، تو پناہ مانگو اللہ کی، شیطان مردود سے●

اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَلٰى رَبِّهِمْ

بلاشبہ نہیں ہے اس کا قابو ان پر جو ایمان لائے، اور اپنے پروردگار

يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَ

پر بھروسہ رکھیں● اس کا قابو ان پر ہے جو اس سے دوستی رکھیں، اور

الَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع وَ اِذَا بَدَّلْنَاۤ اٰيَةً مَّكَانَ ۙ ع ۱۲

جو اللہ کا اسے شریک ٹھہرائیں● اور جب ہم نے بدل دیا ایک آیت کو دوسری کی جگہ،

اٰيَةٍ ۙ وَّ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَاۤ اَنْتَ مُفْتَرٍ ؕ بَلْ

اور اللہ خوب جانتا ہے جو کچھ نازل فرماتا ہے، تو کافر لوگ بولے، کہ تم بس من گڑھت کرنیوالے ہو، بلکہ

اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ

انکے بہتیرے نادان ہیں● جواب دو، کہ "اتارا ہے اس کو روح القدس نے تمہارے

رَّبِّكَ بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهُدًى وَّبُشْرٰى

پروردگار کی طرف سے بالکل ٹھیک"، تا کہ ثابت قدم کردے انہیں جو ایمان لائے، اور ہدایت وخوش خبری

لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾ وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا يُعَلِّمُهٗ

مسلمانوں کیلئے● اور ہم خوب جانتے ہیں کہ وہ بکتے ہیں، کہ "اس کو ایک بشر

بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا

سکھاتا ہے"، اس کی زبان جس کی طرف جھک مار کر لگاتے ہیں عجمی ہے، اور یہ

لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ

زبان عربی روشن ہے● بیشک جو نہ مانیں اللہ کی آیتوں کو، تو

لَا يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾ اِنَّمَا يَفْتَرِي

نہیں راہ دیتا انہیں اللہ۔ اور ان کے لئے دکھ دینے والا عذاب ہے● جھوٹ تو بس وہ

الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَاُولٰٓئِكَ

گڑھیں، جو نہ مانیں اللہ کی آیتوں کو۔ اور وہی

هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾ مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا

جھوٹے ہیں● جس نے انکار کر دیا اللہ کا، اس کو مان جانے کے بعد، بجز اس کے کہ

مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ

مجبور کیا گیا ہے، اور اس کا دل مطمئن ہے ایمان پر، لیکن ہاں جس نے

شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَ

کھول دیا کفر کے لئے سینہ، تو ان پر غضب ہے اللہ کا۔ اور

لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ

ان کے لئے بڑا عذاب ہے● یہ اس لئے کہ انہوں نے اختیار کر لیا دنیاوی

الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ

زندگی کو آخرت کے سامنے۔ اور بیشک اللہ نہیں راہ دیتا کافر قوم کو

الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ

● وہ ہیں کہ چھاپ لگادی اللہ نے ان کے دلوں پر،

وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾ لَا

اور کان پر اور آنکھوں پر۔ اور وہی لوگ غفلت والے ہیں● خواہ

جَرَمَ اَنَّهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ

مخواہ وہ آخرت میں یقیناً دیوالئے ہیں● پھر بیشک تمہارا پروردگار،

لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَ

ان کے لئے جنہوں نے ہجرت کی، بعد اس کے کہ ستائے گئے، پھر جہاد کیا، اور

صَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع يَوْمَ ۱۴ ع ۱۰ ۲

صبر کرتے رہے، بیشک تمہارا پروردگار اسکے بعد ضرور مغفرت فرمانے والا بخشنے والا ہے● جس دن

تَاْتِىْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ

کہ آئے گا ہر کس وناکس اپنے آپ لڑتا جھگڑتا، اور پورا پورا دیا جائے گا

نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا

جو ہر ایک نے کر رکھا ہے، اور ان پر ظلم نہ ہوگا● اور کہاوت بیان کی اللہ نے کہ

قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا

ایک آبادی تھی، امن واطمینان سے آتی تھی اس کی روزی، ہر

مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ

جگہ سے بفراغت، پھر اس نے انکار کر دیا اللہ کی نعمتوں کا، پھر چکھایا اسے اللہ نے

لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ وَلَقَدْ

بھوک اور خوف کے لباس سے، بدلہ ان کے کرتوتوں کا● اور بیشک

جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ

آ گیا ان کے پاس رسول انہیں سے، تو جھٹلایا اسے، چنانچہ پکڑ لیا انہیں عذاب نے

وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾ فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا

اور وہ اندھیر مچا رہے تھے● پس کھاؤ جو روزی فرمایا تمہیں اللہ نے، حلال

طَيِّبًا ۪ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ

پاکیزہ۔ اور شکرگزار رہو اللہ کی نعمت سے، اگر اسی کو معبود

تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ

جانتے ہو ● اس نے بس یہی حرام فرمادیا تم پر، مردار اور خون اور سور

الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ

کا گوشت، اور جو ذبح کیا جائے غیر اللہ کیلئے۔ پھر بھی جو ناچار ہوگیا، نہ

بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا

سرکش ہے اور نہ حد سے بڑھا، تو بلاشبہ اللہ مغفرت فرمانیوالا بخشنے والا ہے ● "اور مت کہہ دیا کرو جو

لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا

تمہاری زبانیں جھوٹ بکتی ہیں، کہ یہ حلال ہے اور یہ

حَرَامٌ لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ

حرام، تاکہ گڑھو اللہ پر جھوٹ"۔ بیشک جو لوگ گڑھیں

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ ۭ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۠ وَّلَهُمْ

اللہ پر جھوٹ، نا کام ہیں ● دنیا میں رہنا کم، اور ان کے

عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾ وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا قَصَصْنَا

لئے دکھ دینے والا عذاب ہے ● اور جو یہودی ہوئے، ہم نے حرام فرمادیا تھا ان پر جو ہم

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

پہلے ظاہر فرما چکے ہیں تم پر۔ اور ہم نے ان پر کچھ ظلم نہیں کیا، ہاں وہی اپنے اوپر

يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ

ظلم کرتے تھے ● پھر بیشک تمہارا پروردگار، ان کے لئے جس نے برائی کی نادانی سے،

ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا

پھر توبہ کرلی اس کے بعد، اور لائق ہوگئے، تو بلاشبہ تمہارا پروردگار اس کے بعد ضرور

لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ ۱۵ ع ۱۲ ۲۱

مغفرت فرمانے والا بخشنے والا ہے ● بیشک ابراہیم تھے امام، اللہ کے پجاری،

حَنِيْفًا ؕ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ

سب سے الگ تھلگ، اور مشرکین سے نہ تھے● شکرگزار اللہ کی نعمتوں کے، چن لیا ان کو

وَهَدٰىهُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ

اور راہ دی انہیں، سیدھے راستہ کی طرف● اور دی ہم نے انہیں دنیا میں بھلائی۔

وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۲﴾ ثُمَّ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ اَنِ

اور بیشک وہ آخرت میں ضرور لیاقت والوں سے ہیں● پھر وحی فرمائی ہم نے تمہاری طرف، کہ پیروی

اتَّبِعْ مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۳﴾ اِنَّمَا

کرو دین ابراہیم کی، سب سے الگ ہوکر۔ اور نہ تھے وہ مشرکوں سے● سنیچر کی

جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ

مان دان فرض کی گئی ہے ان پر جنہوں نے اس میں جھگڑا کیا تھا۔ اور بیشک تمہارا پروردگار ضرور فیصلہ فرمائیگا

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۴﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ

ان کے درمیان قیامت کے دن، جس بارے میں جھگڑا کرتے تھے● بلاؤ اپنے پروردگار کی راہ

رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ ؕ

کی طرف مضبوط تدبیر، اور اچھی نصیحت کے ساتھ۔ اور بحث کرو ان سے سب سے بہتر انداز سے۔

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ

بیشک تمہارا پروردگار، وہ خوب جانتا ہے، کہ کون بے راہ ہوا اس کی راہ سے، اور وہ خوب جانتا ہے

بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۲۵﴾ وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ

راہ پانے والوں کو● اور اگر تم جرم کی سزا دو، تو ایسی دو، جیسا جرم تمہارا کیا گیا ہے۔

وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا

اور اگر تم نے صبر سے کام لیا، تو بلاشبہ وہ بہتر ہے صبر کرنے والوں کیلئے● تم صبر کرو اور نہیں ہے تمہارا صبر، مگر

بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾

اللہ کے کرم سے، اور نہ رنج کرو ان کا، اور دل تنگ نہ ہو ان کے داؤں پیچ سے●

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۸﴾ ع ۱۶

بیشک اللہ ہے ان کے ساتھ جو ڈرے، اور جو نیکیاں کرنے والے ہیں●